سوال

(153)عزل اوراس کی کیفیت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عزل کب واجب ہے اوراس کا طریقہ کیا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام احمد وابن ماجہؒ نے حضرت عمر بن خطابؓ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے آزاد عورت سے اس کی اجازت کے بغیر عزل کرنے سے منع فرمایا ہے عبدالرزاقؒ نے ''مصنف''میں اور بیہقیؒ نے بھی بن عباسؓ سے روایت کیا ہے :

((نہی عن عزل الحرة الا باذنہا))(السنن الکبری للبیھقی)

''آزاد عورت سے اس کی اجازت کے بغیر عزل کرنا منع ہے۔''

اس سے معلوم ہوا کہ آزاد عورت سے اجازت کے ساتھ جائزاور اجازت کے بغیر عزل منع ہے اور باندی سے عزل کےلئے اجازت کی ضرورت نہیں ہاں البتہ شدید حاجت وضرورت کے بغیر عزل نہ کیا جائے۔ عزل کی صورت یہ ہوتی ہے کہ انزال کے وقت مرد آلہ تناسل کو شرمگاہ سے باہر نکال کر انزال کرلے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

کتاب النکاح : جلد3 صفحہ 129

محدث فتویٰ